Maulana Azad National Urdu University

B.A : (BAHS401CCT) IV Semester Examination - May - 2018

Paper : History of India (1526 - 1750)

پرچہ : ہندوستانی تاریخ (1526 - 1750)

Time : 3 hrs | Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) بابر نے اپنی سوانح ''تزک بابری'' کس زبان میں لکھی تھی۔

(ii) بابر نے پانی پت کی لڑائی میں کس جنگی تکنیک کا استعمال کیا۔

(iii) اکبر نے عبادت خانہ کس سال میں قائم کیا تھا۔ اور اس کا کیا مقصد تھا۔

(iv) اورنگ زیب کے عہد کی سرکاری تاریخ کس کتاب کو مانا جاتا ہے۔

(v) شیواجی اور مغل سلطنت کے درمیان پورندر کا معاہدہ (Treaty of Purandar) کس سال میں ہوا۔

(vi) ''میر بخشی'' مغل دور میں کس محکمہ سے منسلک تھا۔

(vii) مغل سلطنت کے زوال کے سلسلہ میں جاگیرداری بحران (Jagirdari Crisis) کا نظریہ کس نے پیش کیا۔

(viii) اعتمادالدولہ (Itimad-ud-daula) کا مقبرہ کہاں ہے۔

(ix) منوچی کی کتاب Storia do Mogor کس مغل بادشاہ کے دور کے لیے اہم ماخذ ہے۔

(x) بلند دروازہ کب بنا اور اکبر نے اسے کس صوبہ کی جیت کی خوشی میں بنوایا تھا۔

P.T.O

حصہ دوم

(2) بابر کی ابراھیم لودی پر فتح کے وجوہات پر روشنی ڈالیں۔

(3) دورِ مغلیہ کی تاریخ کو جاننے کے لئے اس دور کے ماخذ پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

(4) مغل سلطنت کے مرکزی نظم ونسق پر روشنی ڈالیے۔

(5) شیر شاہ سوری کے نظم ونسق کا جائزہ لیں۔

(6) اورنگ زیب کی مذہبی پالیسی پر ایک نوٹ لکھیں۔

(7) مغل دور کے معاشی حالات کا ایک مختصر جائزہ لیں۔

(8) جاگیرداری نظام پر ایک نوٹ تحریر کریں۔

(9) مغل دور میں فن تصویر گری (Painting) پر ایک نوٹ لکھیں۔

حصہ سوم

(10) امراء (Nobility) مغل سلطنت کا ایک اہم سطون ہیں۔ تجزیہ کریں۔

(11) اکبر کے مذہبی نظریات پر ایک تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔

(12) منصب داری نظام کے آغاز وارتقاء اور اس میں ہونے والی تبدیلیوں پر ایک تفصیلی گفتگو کیجیے۔

(13) مغل سلطنت کے زوال کے اسباب کیا تھے۔ مختلف نظریات کا ایک تنقیدی تجزیہ کریں۔

(14) شیواجی کے عروج اور اس کے ریاستی نظم ونسق کی تفصیل بیان کریں۔

☆☆☆